جنسی حملے کے خلاف خدمات

لاؤڈن (Loudoun) کاونٹی میں رہنے والے بالغ افراد کے لیے مفت، رازدارانہ، اور جامع خدمات جن کی زندگیاں جنسی تشدد، بشمول جنسی حملے، زیادتی، زنائے محرم، جنسی بدسلوکی، اور جنسی دھندے کی وجہ سے متاثر ہوئی ہیں۔

فراہم کردہ خدمات:

- قلیل مدتی بحران کی تھراپی اور معاونت
- جنسی حملے کے حوالے سے معاونتی گروپس
- عدالتی کارروائی کے موقع پر ہمراہی
- فرانزک طبی معائنوں پر ہمراہی
- حفاظتی منصوبہ بندی
- کمیونٹی کے وسائل کے لیے معلومات اور ریفرل
- تحفظاتی احکامات دائر کرنے میں مدد
- ضرورت کے مطابق دیگر وکالت اور معاونت

رابطے کی معلومات:

24 گھنٹے کی ہاٹ لائن:
703-777-6552

105 East Market Street
Leesburg, VA 20176

www.lcsj.org

SASP Rack Card 11.21 - URDU

LAWS
Domestic Violence &
Sexual Assault Services

جنسی حملہ کیا ہےِ؟

جنسی حملہ کئی مختلف صورتیں اَختیار کر سکتا ہے اور مختلف طریقوں سے اس کی وضاحت کی جا سکتی ہے، مگر ایک چیز تبدیل نہیں ہوتی: یہ کبھی بھی متاثرہ شخص کی غلطی نہیں ہوتی۔

کس کو مدد مل سکتی ہے؟

جنسی حملے کا شکار کوئی بھی شخص، کمیونٹی سے متعلقہ افراد، پیشہ ور افراد، قانون نافذ کرنے والے ادارے، کوئی بھی شخص جسے جنسی حملے کی خدمات اور کمیونٹی وسائل کے حوالے سے معلومات درکار ہوں، وہ کال کر سکتے ہیں۔ ترجمانی کی خدمات کسی بھی زبان میں دستیاب ہیں۔

جنسی حملے کے بعد۔ معاونت حاصل کرنا۔

جنسی حملے کے بعد، کوئی بھی ردعمل ظاہر کرنا مشکل ہے۔ آپ جسمانی طور پر زخمی، جذباتی طور پر کمزور ہو سکتے ہیں، یا یقینی طور پر نہیں جانتے کہ آگے کیا کرنا ہے۔ آپ فوجداری انصاف کے سسٹم کے ساتھ کام کرنے کے حوالے سے سوچ رہے ہوں گے مگر یقینی طور پر نہیں جانتے کہ کہاں سے شروع کریں۔ جنسی تشدد کے بعد اٹھائے جانے والے اقدامات کے بارے میں جاننا آپ کو مشکل وقت میں حواس قائم رکھنے میں مدد دے سکتا ہے۔ معاونت موجود ہے۔

کسی دوست یا عزیز کی مدد کرنا

یہ جاننا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا کہ کیا کہا جائے جب کوئی شخص آپ کو بتائے کہ اسے جنسی حملے کا نشانہ بنایا گیا، خاص طور پر جب وہ شخص خاندان کا فرد ہو، دوست، یا کوئی عزیز ہو۔ اس کی بات سنیں۔ اس کے لیے موجود رہیں۔ کوئی رائے دیے بغیر بات چیت کریں۔ معاونت تلاش کریں۔

یہ پراجیکٹ امریکی محکمہ برائے انصاف کی جانب سے ورجینیا (Virginia) کو عطا کردہ خواتین کے خلاف تشدد کے وفاقی ایکٹ کی جانب سے تصدیق شدہ فنڈز سے محکمہ برائے فوجداری انصاف کی خدمات کے ذریعے گرانٹ # -21 A8616SP20 کی جانب سے معاونت کردہ ہے